شراکتوں کو مضبوط کرنا:

ہدایت نامہ برائے خاندانی
حقوق اور تحفظ از

Infant & Toddler
Connection of Virginia

حصہ C ابتدائی مداخلتی نظام

۲۰۱۲

فہرست مشمولات

اس ہدایت نامے کا مقصد ۱
پس منظر ۲
ابتدائی مداخلتی خدمات ۳
اپنے بچے کے ابتدائی مداخلت کے لئے اہل ہونے کے متعلق معلوم کرنا ٤
خدمت کی منصوبہ بندی کی تشخیص ۷
انفرادی خاندانی خدمت کے منصوبے (INDIVIDUALIZED FAMILY SERVICE PLAN (IFSP کی میٹنگ ۸
دستیاب ابتدائی مداخلتی خدمات ۱۰
ابتدائی مداخلتی خدمات کے لئے ادائیگی کرنا ۱۱
IFSP کی نظرثانی ۱۱
تبدیلی ۱۳
رازداری ١٤
آپ کے بچے کے ریکارڈ کا جائزہ لینا ١٦
تنازعوں کا حل ۱۷
شکایت درج کرنا ۱۸
ثالثی عمل کا استعمال ۱۹
سماعت کی درخواست کرنا ۱۹
فرہنگ ۲۳
ابتدائی مداخلتی خدمات تک رسائی کے لئے داخلے کے واحد مقامات ٢٤

The Arc of Virginia
2025 East Main Street, Suite 107
Richmond, VA 23223

T 804.649.8481
F 804.649.3585
www.thearcofva.org

محترم والدین،

دی آرک آف ورجینیا کا عملہ ابتدائی مداخلتی خدمات وصول کرنے والے خاندانوں کو اعانت کی فراہمی کے لیے وقف ہے۔ ہم ایسے خاندانوں پر مشتمل ایک تنظیم ہیں جنھوں نے یہ خدمات حاصل کی ہیں اور ہم براہ راست ان سوالات اور تشویشات کو سمجھتے ہیں جو آپ کو خدمات اور اعانتوں کے حصول میں درپیش ہوسکتی ہیں۔

یہ کتابچہ خاندانوں کو ابتدائی مداخلتی نظام اور ان حقوق اور محافظت (یا تحفظات) کو سمجھنے کے لیے تحریر کیا گیا ہے جو یہ یقینی بنانے کے لیے موجود ہیں کہ خاندان ان فیصلوں میں شامل رہیں جو ان کے بچے کی ابتدائی مداخلتی خدمات کے سلسلے میں کیے جائیں۔ ان تحفظات کو بچوں اور خاندان کے حقوق اور تحفظات کے نوٹس بشمول خاندان کے ذریعہ لاگت کے اشتراک سے متعلق حقائق میں شامل کیا گیا ہے۔ ابتدائی مداخلتی نظام میں آپ کے پورے وقت کے دوران آپ کو ان حقوق اور تحفظات کے وضاحت کی ایک کاپی موصول ہوگی۔

نشوونما سے متعلق تاخیر والے بچوں کے والدین کے طور پر ہم اپنے بچوں کی پوری زندگی کے دوران متعدد ٹیموں کے ممبر ہوسکتے ہیں جیسے کہ ارلی انٹروینشن انڈویجولائزڈ فیملی سروس پلان [ابتدائی مداخلت والی انفرادی خاندانی خدمت کی منصوبہ بندی] (IFSP) ٹیم۔ اگرچہ ابتدائی مداخلتی عملہ آپ کو IFSP ٹیم کے مقاصد کی وضاحت کرے گا، لیکن آپ ابھی بھی الجھن میں ہو سکتے ہیں کہ آپ اپنے ساتھ آنے والے "پیشہ ور افراد" کے ساتھ کون سی ذمہ داری نبھائیں گے۔

یاد رکھنے والی سب سے اہم بات یہ ہے کہ آپ میز پر اپنے بچے اور خاندان کی جانب سے بول رہے ہیں اور آپ اس موضوع کے ماہر ہیں۔ ابتدائی مداخلتی عملہ وہاں اپنے بچے کے ساتھ آپ کے اس طرح باہم تعامل کرنے میں رہنمائی اور مدد کرنے کے لیے موجود ہوگا جو اس کی نشوونما میں معاون ہو۔
چونکہ آپ اپنے بچے کے ساتھ زیادہ تر وقت گزارتے ہیں لہذا آپ کو قدرتی معمولات اور سرگرمیوں کے دوران اپنے بچے کے ساتھ باہم تعامل کرنے، حکمت عملیوں کو فروغ دینے اور اپنے بچے کے ساتھ ان کی مشق کرنے کا زیادہ موقع حاصل ہوتا ہے۔

آرک آف ورجینیا نشوونما میں تاخیر، نشوونما سے متعلق معذوری والے بچوں اور ان کے خاندانوں کے لیے ایک ریاست پیما تنظیم ہے۔ ہمارا نیا پاتھ پروگرام ابتدائی مداخلتی خدمات حاصل کرنے والے خاندانوں کو مرکوز اعانت فراہم کرنے اور ابتدائی مداخلتی نظام میں خاندان کی حمایت کی سہولت فراہم کے لیے تیار کیا گیا تھا۔ ہمارا ایک الیکٹرانک خبرنامہ ہے جو خاندانوں کو ابتدائی مداخلت اور دیگر متعلقہ خدمات، بشمول خاندان کی حمایت کے مواقع کے بارے میں تازہ معلومات فراہم کرتا ہے۔ ہمارا عملہ سوالات کے جواب دینے، اعانت فراہم کرنے اور خاندانوں کو ایسے ٹولز دینے کے لیے یہاں موجود ہے جس کی ضرورت انہیں شمولیت کے لیے ہے۔

مزید معلومات کے لیے براہ کرم ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کریں www.thearcofva.org/newpath۔ آپ ہمیں فیس بُک پر بھی اس پتے www.facebook.com/newpathei یا www.facebook.com/thearcofva پر تلاش کرسکتے ہیں۔ اگر آپ کا کوئی سوال ہو یا آپ مزید معلومات حاصل کرنا چاہتے ہوں تو براہ کرم ہم سے بلاجھجک رابطہ کریں۔ آپ مجھ تک 804-649-8481 ایکسٹنشن 104 پر یا lcantrell@thearcofva.org پر براہ راست رسائی کرسکتے ہیں۔

مخلص،
لوسی کینٹریل (Lucy Cantrell)
ڈائرکٹر آف انفارمیشن اینڈ ریفرل

اس ہدایت نامے کا مقصد

ورجینیا میں ابتدائی مداخلت معذوریوں یا نشونما کی تاخیر کا شکار شیرخوار اور چھوٹے بچوں (یعنی کہ پیدائش سے لے کر دو سال کی عمر تک، یعنی کہ بچے کی تیسری سالگرہ تک) کے لئے کمیونٹی کی خدمات کا ہم آہنگ نظام ہے۔ ورجینیا میں شیرخوار اور چھوٹے بچوں کے کنکشن نامی اس نظام کے ذریعے، ایجنسیاں، والدین اور خدمت فراہم کنندگان بچوں کی نشونما سے تعلق رکھنے والی ضروریات پوری کرنے کے لئے بچوں اور ان کے گھر والوں کے ساتھ کام کرتے ہیں۔

ابتدائی مداخلتی خدمات کے لئے اہل شیرخوار اور چھوٹے بچوں کے والدین اپنے بچے کی خدمات میں ایک اہم اور خصوصی کردار ادا کرتے ہیں۔ والدین:

- معلومات فراہم کرتے ہیں؛
- اجازت دیتے ہیں؛
- میٹنگ میں شرکت کرتے ہیں؛ اور
- خدمات قبول کرنے کے متعلق فیصلہ کرتے ہیں۔

ابتدائی مداخلتی خدمت میں گھر والوں کو اپنا کردار ادا کرنے میں مدد فراہم کرنے کے لئے، اس ہدایت نامے میں Infant & Toddler Connection of Virginia میں شرکت کرنے کے مراحل کے ساتھ ساتھ گھر والوں کے حقوق کے تحفظ کے لئے نافذ کردہ قواعد کی بھی وضاحت کی گئی ہے۔ اس میں ابتدائی مداخلتی خدمات فراہم کرنے والے افراد کے ساتھ کام کرنے کے طریقہ کار کی وضاحت کی گئی ہے۔

ابتدائی مداخلتی خدمات فراہم کرنے والے افراد شیرخوار اور چھوٹے بچوں اور ان کے گھر والوں کے ساتھ اپنے کام کی وضاحت کے دوران مشکل الفاظ کا استعمال کرسکتے ہیں۔ آپ کو جو الفاظ سمجھ نہ آئیں، ان کی وضاحت طلب کریں۔ جب اس کتابچے میں مشکل الفاظ استعمال کئے جائیں گے، ان کی وضاحت ایک خاکے میں فراہم کردی جائے گی۔ اس کتابچے کے صفحے ۲۳ میں ایک فرہنگ بھی موجود ہے جس میں چند الفاظ کی تعریف شامل کردی گئی ہے۔

پس منظر

۱۹۷۰ کی دہائی سے مشترکہ دولت ورجینیا نشونما میں تاخیر کا شکار بچوں کی پیدائش سے لے کر دو سال کی عمر تک ابتدائی مداخلتی خدمات کی فراہمی میں مشغول ہے۔ ۱۹۸٦ میں امریکی کانگریس سے ریاستوں کو ابتدائی مداخلتی خدمات کی فراہمی کے لئے جامع نظام قائم کرنے کے لئے رقم مہیا کردی۔ خدمات کے یہ نظام حصہ C کہلاتا ہے - معذوری کے شکار شیرخوار اور چھوٹے بچوں کے لئے ابتدائی مداخلت یہ Individuals with Disabilities Education Act (IDEA) نامی وفاقی خصوصی تعلیمی قانون کے تحت ایک ذیلی نظام ہے ۔ اس کتابچے میں *ابتدائی مداخلتی نظام* سے مراد وفاقی حصہ C کے پروگرام کے تحت ورجینیا کی پالیسیاں اور طریقہ کار ہیں۔

ورجینیا میں ایجنسیوں اور فراہم کنندگان کی جانب سے ٤٠ مقامی ایجنسیاں، ایجنسیوں کو ہم آہنگ کرنے والی کونسل (ابتدائی مداخلت کے نظام میں دلچسپی رکھنے والے افراد پر مشتمل ایک گروپ، جس میں والدین بھی شامل ہیں) کی مدد اور مشاورت کے ساتھ گھر والوں کے لئے خدمات کی فراہمی کی منصوبہ بندی کرتی ہیں۔
آپ ہر مقامی ایجنسی میں کسی نہ کسی شخص سے رابطہ کرسکتے ہیں (صفحہ ٢٤ دیکھیں)۔

Infant & Toddler
Connection of Virginia

ابتدائی مداخلتی خدمات

ابتدائی مداخلتی خدمات ان شیرخوار اور چھوٹے بچوں اور ان کے *گھر والوں* کے لئے ہیں جن کی توقع کے مطابق نشونما نہیں ہورہی ہے، یا جو کسی طبی وجہ سے نشونما میں تاخیر کا شکار ہوں۔ ان خدمات کا مقصد بچوں کی نشونما، اور بچوں کی نشونما کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے والدین کو مدد فراہم کرنا ہے۔ ابتدائی مداخلتی خدمات کے فراہم کنندگان گھر والوں کے ساتھ شراکت میں کام کرتے ہیں۔ گھر والوں کی شمولیت ہر قدم پر اہم ہے۔

> *گھر والوں* کی تعریف ہر خاندان کی تعریف پر منحصر ہے۔

> *والدین* سے مراد کسی بچے کے حیاتیاتی والدین، گود لینے والے والدین، رضاعی والدین، سرپرست، والدین کا کردار ادا کرنے والا کوئی شخص (جیسے کہ نانا، نانی، دادا یا دادی، سوتیلے والدین جس کے ساتھ بچہ رہتا ہو، یا بچے کی فلاح و بہبود کے لئے قانونی طور پر ذمہ دار شخص)؛ یا *متبادل والدینہے*۔
>
> *متبادل والدین* سے مراد ایسا کوئی بھی شخص ہے، جو بچے کے لئے اس صورت میں ذمہ دار ہو جب بچہ ریاست کی ذمہ داری ہو، یا اگر والدین کے متعلق معلومات حاصل نہ کی جاسکے۔ اگر آپ متبادل والدین کا کردار ادا کررہے ہیں، یا اگر آپ متبادل والدین کے تحفظ اور ذمہ داریوں کے متعلق مزید معلومات حاصل کرنا چاہتے ہیں، تو صفحے ٢٤ پر درج اپنے مقامی ابتدائی مداخلتی نظام سے رابطہ کریں، یا Infant & Toddler Connection of Virginia سے 1448-234 (800) پر رابطہ کریں۔

ابتدائی مداخلتی نظام میں شامل ہر بچے اور اس کے گھر والوں کے لئے ایک خدمت کا رابطہ کار نامزد کردیا جاتا ہے۔ اس خدمت کے رابطہ کار کا کام آپ کے گھر والوں کی مدد کرنا ہے:

- آپ کے بچے اور گھر والوں کے لئے صحیح فیصلے کرنے کے لئے معلومات حاصل کرنا؛
- خدمات کا انتظام کرنا اور ان کا حساب رکھنا؛
- ضروری خدمات کے متعلق معلومات حاصل کرنا اور موصول کرنا؛
- وکیل کی خدمات کے متعلق معلومات حاصل کرنا؛
- خدمات میں تبدیلی کی منصوبہ بندی کرنا؛ اور
- بحیثیت والدین اپنے حقوق، تحفظ اور ذمہ داریوں کو سمجھنا، اور جہاں مناسب ہو وہاں انہیں استعمال کرنا۔

اپنے بچے کے ابتدائی مداخلت کے لئے اہل ہونے کے متعلق معلوم کرنا

آپ کے بچے کی Infant & Toddler Connection of Virginia کی تجویز موصول ہونے کے بعد، خدمت رابطہ کار آپ کے بچے کی اہلیت کا تعین کرنے کے لئے آپ کے گھر والوں کے ساتھ کام کرنا شروع کردے گا۔ یہ اہلیت کے تعین کا مرحلہ ہے۔ آپ کو اہلیت کے تعین سے قبل *تحریری پیشگی اطلاع* فراہم کی جائے گی۔

> *پیشگی تحریری اطلاع:* ابتدائی مداخلتی عمل کے ہر اہم مرحلے سے پہلے آپ کا خدمت رابطہ کار آپ کو تحریری نوٹس کی فراہمی کو یقینی بنائے گا۔ اس نوٹس میں اگلے مرحلے کی وضاحت شامل ہوگی۔ یہ نوٹس آپ کی اپنی زبان میں ہوگی، علاوہ اس صورت میں کہ ایسا ممکن نہ ہو۔ یہ نوٹس واضح اور قابل فہم بھی ہوگی۔ اگر آپ کو نوٹس سمجھنے میں مدد کی ضرورت پیش آئے تو اپنے خدمت کے رابطہ کار سے رجوع کریں۔
>
> یہ نوٹس آپ کو اگلا قدم کرنے سے **قبل** موصول ہوجانی چاہئیے۔ آپ یہ نوٹس دوسروں (کسی پیشہ ور شخص یا دوست) کو دکھا کر ان سے مشورہ کرسکتے ہیں۔ تمام تحریری پیشگی نوٹس معیاری ریاست فارم کے ذریعے فراہم کی جائے گی۔ جب بھی آپ کو یہ معیاری فارم فراہم کئے جائیں گے، آپ کو نوٹس برائے بچوں اور خاندانی حقوق اور تحفظ بشمول خاندانوں کے اخراجات کی تقسیم کے متعلق حقائق کی نقل اور وضاحت فراہم کی جائے گی، جس میں وفاقی قانون کے حوالے سے والدین کے تحفظ کی وضاحت ہے۔

بحیثیت والدین، آپ اہلیت کے تعین کی تیاری میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ آپ کو مندرجہ ذیل کے مواقع دستیاب ہیں:

- اپنے اور اپنے بچے کے بارے میں معلومات فراہم کرنا، جس میں آپ کے بچے کی صلاحیتوں اور ضروریات کے متعلق معلومات شامل ہے؛
- اپنے خدمت کے رابطہ کار کو آپ کے بچے کے متعلق معلومات رکھنے والے یا آپ کے بچے کی جانچ کرنے والے افراد سے معلومات حاصل کرنے کی اجازت دینا؛
- اہلیت کے تعین کے عمل کے متعلق سوال پوچھنا؛ اور
- اہلیت کے تعین کے لئے *معلومات کے ساتھ رضامندی*، ، یعنی کہ اجازت، دینا۔

> *معلومات کے ساتھ رضامندی:* صحیح فیصلے کرنے کے لئے، درست معلومات کی ضرورت ہے۔ رضامندی دینے کا مطلب ہے کہ آپ فراہم کردہ اور تجویز کردہ معلومات کو سمجھتے ہیں، اور اس سمجھ کے بعد ہی آپ اجازت دیتے ہیں۔ سوالات پوچھنے کا بہترین وقت رضامندی دینے سے قبل ہے۔

آپ کے بچے کی مداخلتی خدمات کی اہلیت کے تعین کے لئے، ایک *متعدد شعبوں پر مشتمل* ٹیم آپ کے بچے کے متعلق فراہم کردہ معلومات، استعمال ہونے والے کسی بھی اسکریننگ یا تشخیص کے ٹول کے نتائج، اور (آپ کی اجازت لے کر) آپ کے بچے سے واقف ڈاکٹر اور دیگر پیشہ ور افراد سے حاصل کردہ معلومات کا
جائزہ لے گی۔ بیشتر اوقات یہ معلومات ابتدائی مداخلتی خدمات کے اہلیت کے معیار پر پورا اترنے کے تعین

کے لئے کافی ہے (صفحہ ٦ دیکھیں)۔ بعض اوقات، ٹیم کو آپ کے بچے کی نشونما کے متعلق مزید معلومات حاصل کرنے کے لئے مزید معلومات اور جانچ پڑتال کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ اگر آپ کے بچے کے طبی یا دیگر ریکارڈ میں موجود معلومات بچے کے اہلیت کے معیار پر پورا اترنے کے تعین کے لئے کافی ہوں تو مزید تخمینے یا ٹیم کی ضرورت نہیں رہتی ہے اور آپ اگلے مرحلے، یعنی کہ خدمت کی منصوبہ بندی کی تشخیص کے جانب بڑھ سکتے ہیں۔

متعدد شبوں سے تعلق رکھنے والی ٹیم سے مراد کم از کم 2 مختلف شعبہ جات یا پیشوں سے تعلق رکھنے والے پیشہ ور افراد وفاقی قانون کے مطابق، ایک سے زیادہ شعبے یا پیشے میں مہارت رکھنے والا ایک شخص اہلیت کے تعین اور خدمت کی منصوبہ بندی کے مقاصد کے لئے *مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی* ٹیم کی تعریف پر پورا اترتے ہیں۔

تمام والدین اہلیت کے تعین کا حصہ ہوتے ہیں کیونکہ یہ مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد پر مشتمل ٹیم کو اپنے بچے کی نشونما کے متعلق اہم معلومات فراہم کرتے ہیں۔ اگر آپ اپنے بچے کی اہلیت سے تعلق رکھنے والے متعدد شعبہ جات پر مشتمل ٹیم کے مذاکراتی سیشن میں شرکت کرنا چاہتے ہیں تو اپنے خدمت کے رابطہ کار کو اطلاع دیں۔ ورنہ آپ کا خدمت کا رابطہ کار آپ کو ابتدائی مداخلتی خدمات کے اہلیت کے متعلق ٹیم کی میٹنگ کے بعد ہی مطلع کرے گا۔

اگر متعدد شعبہ جات پر مشتمل ٹیم یہ فیصلہ کرے کہ آپ کا بچہ خدمات کے لئے اہل ہے تو آپ خدمت کے منصوبے کی تشخیص اور انفرادی خاندانی خدمت کے منصوبے کی تیاری کے لئے ایک ساتھ کام کریں گے۔ ان مراحل کی وضاحت اگلے حصوں میں درج ہیں۔

اگر متعدد شعبہ جات سے تعلق رکھنے والے افراد پر مشتمل ٹیم یہ فیصلہ کرے کہ آپ کا بچہ ابتدائی مداخلتی خدمات کے لئے اہل نہیں ہو تو آپ اپنے خدمت کے رابطہ کار سے کمیونٹی میں دیگر وسائل کی تجاویز کی درخواست کرسکتے ہیں جو اپنے بچے اور گھر والوں کے لئے مفید ثابت ہوسکیں۔ اگر آپ اپنے بچے کی نشونما کے حوالے سے پریشان ہوں تو آپ اپنے مقامی علاقے کے لئے واحد داخلے کے مقام کو دوبارہ کال کرسکتے ہیں۔

اگر آپ کے بچے کی اہلیت پر اتفاق رائے قائم نہ ہوسکے تو اس نااتفاقی کو حل کرنے کے طریقہ کار موجود ہیں (صفحہ ١٧ دیکھیں)۔

ورجینیا میں ابتدائی مداخلتی خدمات کی اہلیت کا معیار

ورجینیا میں آپ کے بچہ تین طریقوں سے ابتدائی مداخلتی خدمات کے لئے اہل ہوسکتا ہے۔ اہلیت کے تعین کے عمل کے دوران حاصل کردہ معلومات کے ذریعے ایک یا ایک سے زیادہ اہلیت کے معیار پر پورا اترنے کا تعین ہوسکتا ہے۔

I. مندرجہ ذیل میں سے ایک یا زیادہ شعبہ جات میں نشونما کی کم از کم ۲۵ فیصد تاخیر (عمر، یا قبل از وقت پیدائش کی وجہ سے ایڈجسٹ کردہ عمر) کا شکار شیرخوار اور چھوٹے بچے:

١. **ادراکی نشونما** (سوچنے کی صلاحیتیں)؛
٢. **جسمانی نشو نما** (جس میں پٹھوں کے کام کرنے کی صلاحیت، بصارت اور سماعت شامل ہیں)؛
٣. **مواصلت** (کیا کہا جارہا ہے، اسے سمجھنا، یا اپنا مطلب سمجھانے کی صلاحیت)
٤. **سماجی یا جذباتی نشونما** (دوسرے کے ساتھ رابطہ کرنے اور اپنے جذبات کا اظہار کرنے کی قابلیت)؛ یا
٥. **ڈھالنے کی نشونما** (اپنا کام خود کرنا، جیسے کہ کھانا کھانا یا اپنے کپڑے خود تبدیل کرنا)۔

یا

II. ایسے بچے جو ۲۵ فیصد کی نشونما کی تاخیر کا شکار نہیں ہیں، لیکن جو مندرجہ ذیل میں سے ایک سے زیادہ شعبہ جات میں معمول کے خلاف نشونما کا مظاہرہ کررہے ہوں:

١. **خلاف معمول یا مشکول سنسری موٹر ریسپونس** (پٹھوں میں خلاف معمول ٹون، جوڑوں کے حرکت کا دائرہ محدود ہونا، خلاف معمول ریفلیکس یا پوسچر کا ردعمل، غیرمعیاری حرکت کے پیٹرن یا صلاحیت کی کارکردگی، زبانی موٹر صلاحیتوں کا درست طور پر کام نہ کرنا، جس میں کھانے میں دشواریاں شامل ہیں)
٢. **خلاف معمول یا مشکوک سماجی اور جذباتی نشونما** (متوقع جذباتی سنگ میل حاصل کرنے میں تاخیر، یا خلاف معمول ہونا، بیشتر سماجی روابط شروع کرنے یا ردعمل ظاہر کرنے سے مستقل طور پر قاصر رہنا، یا اس حد تک ڈروخوف یا پریشانی جو دلاسہ دینے کے باوجود بھی کم نہ ہو)
٣. خلاف معمول یا مشکوک اطوار جن کی وجہ سے نشونما کی صلاحیتوں کے حصول میں مداخلت پیدا ہوتی ہو یا
٤. سماجی تعلقات اور مواصلتی صلاحیتوں میں کمزوری کے ساتھ ساتھ محدود اور مکرر اطو.

یا

III. ایسے بچے جو کسی جسمانی یا ذہنی بیماری کا شکار ہوں جس کی نتیجے میں نشونما کی تاخیر کا امکان ہو، ان میں مندرجہ ذیل شامل ہیں لیکن یہ ان تک محدود نہیں:

١. دورے یا قابل قدر حد تک اینسیفالوپیتھی (اعلی خطرے کا گروپ جس میں اپیگرز یا ایسفیکسیا کا امکان کم ہو)؛
٢. قابل قدر مرکزی نظام اعصاب میں خلاف معمول اطوار؛
٣. شدید مرحلہ ۳ کا انٹروینٹریکولر ہیمرہیج بمعہ ہائیڈروسیفلس یا مرحلہ ٤ کا انٹراوینٹریکولر ہیمرہیج؛
٤. علامتی پیدائشی جراثیم زدگی؛
٥. زہرآلودگی کے اثرات جن میں حمل کے دوران الکحل کے اثرات، منشیات چھوڑنے کے اثرات، اور ماں کے مسلسل اینٹی کونولسنٹ، اینٹی نیوپلاسٹک اور اینٹی کوایگولینٹ کے استعمال کے اثرات؛
٦. مائیلوڈسلپلاسیا؛
٧. پیدائشی یا بعد میں پیش آنے والی سماعت کی کمزوری؛
٨. نظر کی معذوریاں؛
٩. کروموسومل کی خلاف معمول نشونما، بشمول ڈاؤن سنڈروم؛
١٠. دماغی یا ریڑھ کی ہڈی کا صدمہ، جس میں ہسپتال سے ڈسچارج کے وقت اعصابی نظآم کے معائنے کے خلاف معمول نتائج بھی سامنے آئے ہوں؛
١١. میٹابولسم میں پیدائشی غلطیاں؛
١٢. مائیکروسیفالی؛
١٣. شدید لگاؤ کی بیماری؛
١٤. جان پکڑنے سے قاصر ہونا؛
١٥. آٹسم اسپیکٹرم ڈس آرڈر؛
١٦. اینڈوکرین نظام سے تعلق رکھنے والی خرابیاں، جن میں نشونما کی تاخیر کا امکان زیادہ ہو؛
١٧. ہیموگلوبنوپیتھیاں، جن میں نشونما کی تاخیر کا امکان زیادہ ہو؛
١٨. ہونٹ یا تالو میں علیحدگی؛
١٩. پیری وینٹریکیولر لیکومیلشیا؛
٢٠. حمل کے دوران ایسے عناصر جن کی وجہ سے نشونما میں تاخیر کے امکان میں اضافہ ممکن ہے:
- ۲۸ ہفتے یا اس سے کم دورانیے کا حمل؛ یا
- NICU میں ۲۸ یا ۲۸ سے زیادہ تک کا قیام؛ یا

٢١. متعدد شعبہ جات کی ٹیم کی صوابدید کے مطابق دیگر جسمانی یا ذہنی بیماریاں۔

خدمت کی منصوبہ بندی کی تشخیص

آپ کو خدمت کی منصوبہ بندی سے قبل پیشگی تحریری اطلاع فراہم کی جائے گی۔ آپ کی دستخط کے بعد، آپ کا خدمت رابطہ کار آپ کے بچے کی نشونما کی تمام شعبہ جات کی تمام قوتوں اور ضروریات کے متعلق معلومات حاصل کرنے کے لئے ایک *تشخیص* کا انتظام کرے گا۔ یہ معلومات حاصل کرکے ٹیم آپ کے بچے اور گھر والوں کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے ضروری ابتدائی مداخلتی خدمات کا تعین کرسکے گی۔ اس تخمینے میں آپ کے بچے کے حوالے سے مندرجہ ذیل معلومات درج ہوگی:

- روزانہ کے واقعات کے بارے میں سوچنا اور سجھنا - یہ *ادراکی نشونما* کہلاتا ہے؛
- چیزیں دیکھتا ہے، آوازیں سنتا ہے اور بڑا ہوتا ہے - یہ *جسمانی نشونما* کہلاتا ہے؛
- چلتا ہے - یہ *گروس موٹر یا فائن موٹر کی نشونما* کہلاتا ہے؛
- آپ کی بات سمجھتا ہے اور آپ کو اپنی مرضی سے آگاہ کرتا ہے - یہ *مواصلت* کہلاتا ہے؛
- دوسروں کے ساتھ گھل مل جاتا ہے اور اپنے جذبات کا اظہار کرتا ہے - یہ *سماجی یا جذباتی نشونما* کہلاتا ہے؛ اور
- وہ معمولی چیزیں کرتا ہے جو چھوٹے بچے عام طور پر کرتے ہیں، جیسے کہ خود سے کھانا، خواد سے کپڑے پہننا اور پیار کرنا - یہ *ڈھالنے کی نشونما* کہلاتا ہے۔

تشخیص وہ طریقہ کار ہے جس کے ذریعے پیشہ ور افراد آپ کے بچے کے طاقتوں اور ضروریات، اور ان ضروریات کو پوری کرنے کے لئے درکار خدمات کے متعلق معلومات حاصل کرتے ہیں۔ آپ کی اجازت سے، تشخیص میں آپ گے گھر والوں کے مسائل، ترجیحات (یعنی کہ آپ کے لئے سب سے اہم کیا ہے) اور وسائل کے متعلق معلومات حاصل کرنا بھی شامل ہے۔

نوٹ: جب بچوں کے بارے میں بات کی جارہی ہو تو مذکر اور *مونث* الفاظ کا استعمال کیا جائے گا۔ ۔ چاہے مذکر یا مونث کا استعمال کیا گیا ہو، ان بیانات کا اطلاق لڑکے اور لڑکیوں دونوں پر ہی یکساں ہوتا ہے۔

اگر آپ کے بچے کی پہلے سے تشخیص ہوچکی ہو تو ممکن ہے کہ اضافی تشخیصات کی ضرورت نہ ہو۔ آپ کا خدمت رابطہ کار اس بات کو یقینی بنائے گا کہ تمام تشخیص کے طریقہ کار آپ کے گھر والوں کی ضروریات اور ثقافت کے عین مطابق ہوں۔

تشخیص کے دوران آپ کے بچے کو اپنی صلاحیتوں کا اظہار کرنے کا منصفانہ موقع فراہم کیا جائے گا۔ آپ کے بچے کی تشخیص کرنے والا گروپ کم از کم دو پیشوں یا شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد، یا دو پیشوں میں ماہر ایک ہی شخص پر مشتمل ہوگا۔ پیشہ ور افراد میں شیرخوار بچوں کو تعلیم فراہم کرنے والے افراد، صوت کے تھراپسٹ، جسمانی تھراپسٹ، پیشہ ورانہ تھراپسٹ، سماجی کارکن، نرسیں اور دیگر افراد شامل ہوسکتے ہیں۔

بچے کے والدین کی حیثیت سے آپ ٹیم کی تشخیص کا ایک اہم حصہ ہیں۔ آپ تشخیص میں اور کسی بھی ایسی میٹنگ میں جہاں تشخیص کے نتائج پر بات کی جارہی ہو، یا ان کی وضاحت فراہم کی جارہی ہو، شرکت کرسکتے ہیں۔ آپ کسی بھی ایسے شخص کو تشخیص یا میٹنگ میں مدعو کرسکتے ہیں جو آپ کے بچے کے متعلق مذاکرات اور فیصلے لینے میں آپ کی مدد کرسکے۔ تشخیص کے لئے آپ کو مندرجہ ذیل کا موقع فراہم کیا جائے گا:

- کسی بھی جانچ سے پہلے اجازت دینا؛
- اپنے خدمت کے رابطہ کار کو آپ کے بچے کے متعلق معلومات رکھنے والے افراد سے معلومات حاصل کرنے کی اجازت دینا؛
- ٹیم کو اپنے بچے کی صلاحیتوں اور ضروریات کے متعلق اپنی معلومات سے آگاہ کرنا؛
- تشخیص میں اپنے گھر والوں کے وسائل، ترجیحات اور بچے کے متعلق افکار کے متعلق معلومات کی شمولیت کے متعلق فیصلہ کرنا؛
- آخری چھ ماہ میں اپنے بچے کی جانچ کرنے والے افراد کی معلومات شامل کرنا؛
- جانچ کے نتائج اور دیگر رپورٹ کی نقول اور وضاحتیں حاصل کرنا؛ اور
- تشخیص کے نتیجے یا طریقہ کار کے متعلق سوالات پوچھنا۔

خدمت کی منصوبہ بندی کے لئے تشخیص کے دوران حاصل کردہ معلومات کا استعمال اگلے مرحلے، یعنی کہ انفرادی خاندانی خدمت کی منصوبہ بندی کی میٹنگ میں ہوگا۔

انفرادی خاندانی خدمت کے منصوبے (INDIVIDUALIZED FAMILY SERVICE PLAN (IFSP)) کی میٹنگ

انفرادی خاندانی خدمت کا منصوبہ (IFSP) ابتدائی مداخلتی خدمات کی فراہمی کا تحریری منصوبہ ہے۔ تجویز کے ٤٥ دن کے اندر، آپ کی ٹیم IFSP کی تیاری کے لئے بیٹھے گی۔ IFSP کی میٹنگ میں IFSP کی ٹیم کے ممبران، جن میں آپ بھی شامل ہیں، اگلے ساتھ کی منصوبہ تیار کرنے کے لئے ایک ساتھ کام کرتے ہیں۔

آپ ٹیم کا ایک بہت ضروری حصہ ہیں۔ آپ دوسرے گھر والوں یا ایسے افراد کو بھی مدعو کرسکتے ہیں جو آپ کے خیال میں آپ کے بچوں کے لئے صحیح فیصلے لینے میں آپ کی مدد کرسکیں۔ آپ کا خدمت رابطہ کار اور مقامی خدمت فراہم کنندگان بھی ٹیم میں شامل ہوں گے۔ آپ کا خدمت رابطہ کار میٹنگ کا انعقاد ایسے وقت اور مقام پر کرے گا جو آپ کے لئے مناسب رہے گا۔ آپ کو یہ معلومات تحریری شکل میں بھی موصول ہوگی۔

IFSP کی میٹنگ میں آپ اور ٹیم کے باقی افراد آپ کے بچے کی طاقتوں اور ضروریات پر بات کریں گے، آپ کے خیال میں آپ کے بچے اور گھر والوں کے لئے سب سے زیادہ اہم کیا ہے، اور اہداف اور *نتائج* پر بات کی جائے گی۔ یہ آپ کے بچے کی نشونما کے لئے ضروری خدمات کی تیاری کے لئے مناسب شروعات ہے۔ تمام ٹیم کے ممبران، جن میں آپ بھی شامل ہیں، آپ کے بچے اور گھر والوں کے لئے مختلف سرگرمیوں اور خدمات کے متعلق اپنے

خیالات کا اظہار کرتے ہیں۔ آپ ایک ساتھ مل کے فیصلہ کرتے ہیں کہ IFSP میں کیا شامل ہوگا۔

نتائج ان اہم تبدیلیوں کے بیانات ہیں جو آپ اور باقی ٹیم آپ کے بچے اور گھر والوں کے لئے دیکھنا چاہتے ہیں۔

IFSP میں وہ تمام کام درج ہیں جن پر ابتدائی مداخلتی فراہم کنندگان کام کرنے والے ہیں اور اس میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:

- آپ کے خدمت رابطہ کار کا نام؛
- آپ کے بچے کی حالیہ صلاحیتیں اور نشونما کی سطح؛
- اگر آپ متفق ہوں تو آپ کے گھر والوں کے وسائل (آپ کے اور آپ کے بچے کے پاس کیا معاونتیں موجود ہیں، جن میں افراد، سرگرمیاں اور پروگرام اور تنظیمیں شامل ہیں)، ترجیحات اور آپ کے بچے کی نشونما کے حوالے سے آپ کے افکار کا بیان؛
- وہ نتائج جو ٹیم آپ کے بچے اور آپ کے گھر والوں کے لئے دیکھنا چاہتی ہے؛
- کونسی ابتدائی خدمات اور معاونتیں فراہم کی جائیں گی؛
- خدمات کہاں فراہم کی جائیں گی؛
- قدرتی ماحول، جس حد تک مناسب ہو، جس میں خدمات مہیا کی جائیں گی، جس میں آپ کے بچے کی عمر کے دوسرے بچوں کے لئے مناسب گھر اور دوسرا ماحول؛
- خدمت کس تعدد کے ساتھ فراہم کی جائیں گی، کب شروع ہوں گی اور کتنے عرصے تک فراہم کی جائیں گی۔
- ایسی خدمات جن کی آپ کے گھر والوں کو ضرورت ہے لیکن وہ ابتدائی مداخلتی نظام کے ذریعے دستیاب نہیں ہیں؛
- ادائیگی کا انتظام، اگر کوئی ہو تو؛
- ابتدائی مداخلتی نظام سے خارج ہونے کے لئے تبدیلی کا منصوبہ؛ اور
- خدمت کی فراہمی شروع کرنے کے لئے دستخط سمیت آپ کی اجازت۔

آپ سے IFSP پر دستخط کرنے کو کہا جائے گا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ اس منصوبے سے متفق ہیں اور آپ اپنے بچے اور گھر والوں کو اس میں درج خدمات دلوانا چاہتے ہیں۔ آپ ان خدمات میں سے چند یا تمام خدمات کا انتخاب کرسکتے ہیں۔ آپ کی اجازت کے بغیر کوئی بھی اقدام نہیں کئے جائیں گے۔ آپ کسی بھی وقت IFSP کی نظرثانی کی درخواست کرسکتے ہیں۔ اگر آپ اور ٹیم کے باقی ممبران کے درمیان IFSP میں درج خدمات کے متعلق اتفاق رائے کام نہ ہوسکے تو صفحہ ۱۷ سے رجوع کریں۔

دستیاب ابتدائی مداخلتی خدمات

مختلف اقسام کے بچوں اور گھر والوں کی ضروریات پوری کرنے کے لئے کئی اقسام کی ابتدائی مداخلتی خدمات دستیاب ہیں: خدمات میں مندرجہ ذیل شامل ہوسکتی ہیں:

- معاونتی ٹیکنالوجی پر مشتمل آلات اور خدمات
- آڈیولوجی
- نشونما کی خدمات
- خاندانی تربیت، مشاورت اور گھر پر وزٹ
- صحت سے تعلق رکھنے والی خدمات
- طبی خدمات (صرف تشخیص کے لئے)
- نرسنگ کی خدمات
- غذائیت سے تعلق رکھنے والی خدمات
- پیشہ ورانہ تھراپی
- جسمانی تھراپی
- نفسیاتی خدمات
- خدمت کے حوالے سے رابطہ کاری
- اشاروں کی زبان کی خدمات
- سماجی خدمات
- صوت اور زبان سے تعلق رکھنے والی پیتھولوجی
- نقل و حمل اور متعلقہ اخراجات
- بصارت سے تعلق رکھنے والی خدمات

کچھ گھر والوں کو صرف چند خدمات فراہم کی جاتی ہیں۔ دوسروں کو زیادہ فراہم کی جاتی

ہیں۔ اس کا انحصار آپ کے بچے اور گھر والوں کی ضروریات پر ہوتا ہے۔ آپ کی موصول کردہ خدمات کی قسم اور تعداد چاہے جو بھی ہو، ابتدائی مداخلتی فراہم کنندگان آپ کے بچے کی روزمرہ کی سرگرمیوں کے دوران نشونما کے لئے آپ کو اپنے بچے کے ساتھ رابطہ قائم کرنا سکھاتے بھی ہیں اور اس سلسلے میں آپ کی مدد بھی کرتے ہیں۔

ابتدائی مداخلتی خدمات کے لئے ادائیگی کرنا

کچھ خدمات والدین کو مفت فراہم کرنا ضروری ہیں۔ ان میں اہلیت کا تعین، تشخیص، خدمت کا رابطہ، IFSP کی تیاری اور تحفظ شامل ہیں۔

آپ سے ادائیگی کی گنجائش کے مطابق دیگر ابتدائی مداخلتی خدمات کی ادائیگی طلب کی جاسکتی ہے، جس کا تعین نوٹس برائے بچوں اور خاندانی حقوق اور تحفظ بشمول خاندانوں کے اخراجات کی تقسیم کے متعلق حقائق .کے خاندانی اخراجات کی تقسیم کے حقائق میں واضح کردہ مراحل کے مطابق ہوگا۔ اہلیت کے تعین سے قبل تحریری پیشگی اطلاع فراہم کرتے وقت آپ کو اس دستاویز کی نقل موصول ہوئی تھی، اور آپ کو اس کی وضاحت بھی فراہم کی گئی تھی۔ آپ کو ہر IFSP کی نظر ثانی اور سالانہ IFSP کی میٹنگ میں اس دستاویز کی اضافی نقل اور وضاحت فراہم کی جائے گی۔

وفاقی، ریاستی اور مقامی رقوم سے خدمات کے چند اخراجات اٹھائے جاتے ہیں۔ مقامی ابتدائی مداخلتی خدمت فراہم کنندگان خدمات کے لئے رقوم کے لئے انفرادی صحت کی بیمے (آپ کی اجازت کے بعد) اور Medicaid کے ساتھ ساتھ والدین کی آمدنی پر انحصار کرتے ہیں۔ تاہم ادائیگی سے قاصر ہونے کے باوجود بھی آپ کو خدمات ملتی رہیں گی۔ اگر آپ اپنے بچے کی خدمات کی رقم کی ادائیگی کے حوالے سے کچھ سوال پوچھنا چاہتے ہیں تو آپ اپنے خدمت کے رابطہ کار سے بات کرسکتے ہیں۔

IFSP کی نظرثانی

آپ، آپ کے خدمت کا رابطہ کار اور خدمت فراہم کنندگان وقت کے ساتھ IFSP کا جائزہ لے کر ضرورت پڑنے پر تبدیلیاں بھی کرسکتے ہیں۔

چھ ماہ کا IFSP کا جائزہ

آپ کی ابتدائی مداخلتی خدمات میں آپ کے بچے کی نشونما اور پیش رفت کی جاری تشخیص شامل ہے۔ آپ کے بچے کے IFSP کا ہر چھ ماہ کے بعد، یا ضرورت پڑنے پر اس سے زیادہ بار، جائزہ لیا جائے گا۔ آپ، آپ کے خدمت کا رابطہ کار اور اگر مناسب ہو تو آپ کے خدمت فراہم کنندگان IFSP کا جائزہ لیں گے۔ IFSP کے جائزے کے دوران آپ اور وہاں موجود دیگر آپ افراد آپ کے بچے کی پیش رفت کے متعلق بات کریں گے۔

آپ کسی بھی وقت IFSP کے نتائج اور خدمات کی جائزے کی درخواست کرسکتے ہیں۔ اگر آپ کے بچے کی پیش رفت توقع کے مطابق نہ ہورہی ہو، یا اگر آپ سمجھتے ہیں کہ خدمات میں کسی بھی قسم کی تبدیلی (اضافے، کمی یا اختتام) کی ضرورت ہو، تو آپ IFSP کے جائزے میں اس کے بارے میں بات کرسکتے ہیں۔

بحریری پیشگی نوٹس خدمات میں تبدیلی سے قبل درکار ہوگی: جب بھی ابتدائی مداخلتی فراہم کنندگان آپ کے IFSP میں درج خدمات میں تبدیل کرنا چاہیں یا تبدیلی سے انکار کریں، انہیں آپ کو تحریری نوٹس فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔ ان تبدیلیوں میں نئی خدمت کا اضافہ، خدمت کا اختتام، یا خدمت کے تعدد میں فرق شامل ہوسکتے ہیں۔ ممکن ہے کہ آپ یا فراہم کنندہ میں سے کوئی بھی اس تبدیلی کی تجویز کرے۔ نوٹس میں تجویز کردہ تبدیلی سے اتفاق نہ ہونے کی صورت میں لائحہ عمل کی تفصیلات بھی شامل ہونا ضروری ہیں۔

آپ سے کسی بھی تبدیلی سے پہلے IFSP کی میٹنگ میں بات کی جائے گی اور کسی بھی IFSP کی میٹنگ میں اس تبدیلی کے بارے میں بات کرنے سے قبل آپ کو تحریری نوٹس فراہم کی جائے گی۔ آپ تبدیلی کے بارے میں سوچنے کے لئے وقت لے سکتے ہیں۔ آپ یہ نوٹس دوسروں (کسی پیشہ ور شخص یا دوست) کو دکھا کر ان سے مشورہ کرسکتے ہیں۔

سالانہ IFSP

سال میں کم از کم ایک دفعہ آپ کی ٹیم آپ کے بچے کی پیش رفت کے بارے میں بات کرنے اور IFSP میں ترمیم کرنے کے لئے ملاقات کرے گی۔ آپ کا خدمت کا رابطہ کار آپ کے لئے مناسب وقت اور مقام پر اس میٹنگ کا انعقاد کرے گا۔ سالانہ میٹنگ سے قبل آپ کا خدمت رابطہ کار آپ کو اس میٹنگ کے متعلق تحریری اطلاع دے گا اور آپ کو تحریری شکل میں آپ کے تحفظ کی وضاحت فراہم کرے گا۔ ٹیم کے ایک فرد کی حیثیت سے آپ کو پہلے IFSP کی طرح مذاکرات اور فیصلوں میں حصہ لینے کے لئے کہا جائے گا۔

سالانہ IFSP کے دوران ایک متعدد شعبہ جات سے تعلق رکھنے والے افراد پر مشتمل ٹیم آپ اور آپ کے بچے کے خدمت کے رابطہ کار سے حاصل کردہ معلومات کا جائزہ لے کر آپ کے بچے کی ابتدائی مداخلتی خدمات کی مزید اہلیت کا تعین بھی کرے گی۔

میں کیا یاد رکھنا چاہتا ہوں:

تبدیلی

ابتدائی مداخلت کے بعد چند بچوں کو مزید خصوصی معاونت کی ضرورت نہیں رہتی ہے۔ بعض بچوں کو مزید مدد کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہ کمیونٹی ایجنسیاں، نجی فراہم کنندگان یا عوامی اسکولوں میں ابتدائی خصوصی تعلیمی نظام کے ذریعے فراہم کی جاسکتی ہے۔

آپ کو اپنی پہلی IFSP کی میٹنگ میں ۵ سال تک کے بچوں کے لئے ورجینیا کی خدمات کے نظام کے متعلق معلومات فراہم کی جانی چاہئیے۔ ورجینیا کی خدمات کا نظام، آپ کی رضامندی کے ساتھ، دو سال (جس تعلیمی سال کے ستمبر ۳۰ تک آپ کے بچے کی عمر ۲ سال ہوجاتی ہے، اس تعلیمی سال کے شروع میں) اور ۳ سال کی عمر تک اہل بچوں کو عوامی سکول کی خدمات میں منتقل کرنے کے لئے بنایا گیا ہے۔

آپ کا مقامی اسکول کا نظام تاخیر اور معذوریوں کے شکار بچوں کو *Individuals with Disabilities Education Act (IDEA)* کے حصہ *B* کے تحت ابتدائی خصوصی تعلیم فراہم کرتا ہے۔ ورجلیا میں ستمبر کی ۳۰ تاریخ تک دو سال کی عمر تک پہنچنے والے بچے تعلیمی سال کے شروع میں ابتدائی خصوصی تعلیم شروع کرسکتے ہیں۔ جس سال وہ اہل ہوجاتے ہیں، کئی دو سال کے بچے اسی ستمبر اسکول کے نظام کے ذریعے خدمات حاصل کرنا شروع کردیتے ہیں۔ اگر مقامی اسکول کے نظام میں اس کی گنجائش ہو تو کچھ دو سال کے بچوں کو تعلیمی سال کے بیچ میں بھی داخلہ مل سکتا ہے۔ IFSP کے تحت آپ کا بچہ کب منتقل ہوتا ہے، اس کا فیصلہ آپ کے ہاتھ میں ہے۔ ابتدائی مداخلتی خدمات تبدیلی تک یا آپ کے بچے کی تیسری سالگرہ تک دستیاب رہتے ہیں۔

تبدیلی کے منصوبے کے ذریعے آپ اور آپ کا بچہ باآسانی ابتدائی مداخلت سے اگلے مرحلے پر منتقل ہوسکتے ہیں۔ یہ تبدیلی کا منصوبہ آپ کے بچے کے IFSP کا حصہ ہے اور اسے آپ کے بچے کی تیسری سالگرہ سے کم از کم ۹۰ دن قبل، یا نو ماہ قبل (اگر تمام فریقین متفق ہوں)، یا اگر آپ کا بچہ پہلے منتقل ہوگا، تو منتقلی کی تاریخ سے قبل تیار کرنا ضروری ہے۔

خصوصی تعلیم کی تبدیلی کے مراحل میں مندرجہ ذیل شامل ہوسکتے ہیں:

- جیسے آپ کا بچہ خصوصی تعلیم کی اہلیت کی عمر کے قریب پہنچ جائے (آپ کے بچے کی متوقع منتقلی سے کم از کم ۹۰ دن قبل) مقامی اسکول کے ضلع اور ورجینی کے ڈپارٹمنٹ آف ایجوکیشن کو آپ کے بچے کے نام، تاریخ پیدائش اور آپ کے نام، پتے اور فون نمبر کی ارسالگی، علاوہ اس صورت میں کہ آپ IFSP کی تبدیلی کے صفحہ پر اس کی تحریری ممانعت درج کروائیں۔ یہ اطلاع خصوصی تعلیمی خدمات کی تجویز کا کام کرتی ہے؛
- آپ کی اجازت کے بعد مقامی اسکول کے نظام کو آپ کے بچے کے متعلق معلومات (جیسے کہ تشخیص کی معلومات اور IFSP) فراہم کرنا؛

- آپ کے بچے کی منتقلی کی متوقع تاریخ سے کم از کم ۹۰ دن اور زیادہ سے زیادہ نو ماہ (اگر تمام فریقین متفق ہوں) قبل مقامی اسکول کے نظام سے مذاکرات کرنا؛
- آئینده خدمات اور تقرر کے متعلق بات کرنا؛ اور
- آپ اور آپ کے بچے کو خدمات میں تبدیلی کے لئے تیار کرنا، اور اسے نئے ماحول کا عادی بنانے میں مدد کرنا۔

ابتدائی مداخلت سے ابتدائی خصوصی تعلیم کی خدمات کے درمیان تبدیلی کے دوران، آپ کا خدمت رابطہ کار آپ کے ساتھ میٹنگ میں جاسکتا ہے۔

اگر آپ کا بچہ خصوصی تعلیم کے لئے اہل نہ ہو، لیکن اسے پھر بھی خدمات یا معاونت کی ضرورت ہو تو آپ کا خدمت رابطہ کار آپ کی منظوری کے بعد آپ کے بچے اور آپ کے گھر والوں کے لئے اگلے اقدام کے متعلق بات کرنے کے لئے کمیونٹی مکے دوسرے افراد کے ساتھ تبدیلی کی میٹنگ منعقد کرنے کی کوشش کرے گا۔ آپ کا خدمت رابطہ کار آپ کو آپ کی کمیونٹی میں دوسری خدمات کی منصوبہ بندی کرنے اور تلاش کرنے میں مدد کرسکتا ہے۔ ان میں ہیڈ اسٹارٹ، نرسری اسکول یا دیگر تعلیمی یا گھریلو امداد کے پروگرام ہیں جو آپ کی ضروریات پوری کرسکتے ہیں۔ آپ کی IFSP میں ان کوششوں کا ریکارڈ شامل کیا جائے گا۔

جیسے آپ کا بچہ ابتدائی مداخلتی خدمت سے خارج ہو، اپنے پاس اپنے بچے کے مکمل ریکارڈ رکھنا نہ بھولیں۔ ان ریکارڈ کے ذریعے آپ اپنے بچے کی پیش رفت کا ریکارڈ رکھ سکتے ہیں اور آئینده خدمات اور معاونتوں کی منصوبہ بندی کے لئے بھی کام آئے گا۔ اپنے بچے کے ابتدائی مداخلت کے ریکارڈ کا جائزہ لیں اور فیصلہ کریں کہ خصوصی تعلیم یا اگلی خدمت فراہم کنندگان کو کونسی معلومات فراہم کی جائے گی۔ اگر آپ اپنے بچے کے ریکارڈ میں موحود کسی بھی معلومات سے اتفاق نہ کریں تو آپ انہیں تبدیل کرنے کی درخواست کرسکتے ہیں۔ اس کے متعلق مزید معلومات کے لئے صفحہ ١٦ سے رجوع کریں۔

رازداری

آپ کے بچے اور گھر والوں کو موصول ہونے والی ابتدائی خدمات اور ان کی وجوہات ذاتی اور نجی ہیں۔ باوجود اس کے کہ آپ اپنے خدمت فراہم کنندگان کو اپنے بچے یا اپنے مخصوص خاندانی صورت حال کے متعلق معلومات فراہم کرتے ہیں، آپ کی رازدداری، ابتدائی مداخلتی نظام کی رازداری کی ضروریات کے ذریعے حفاظت کی گئی ہے۔

رازداری کا اطلاق تحریری ریکارڈ اور آپ کے بچے اور گھر والوں کے متعلق گفتگو پر بھی ہوتا ہے۔

ابتدائی مداخلت فراہم کرنے والے افراد معلومات حاصل کرکے آپ کے گھر والوں کو فراہم ہونے والی خدمات اور آپ کے بچے کی پیش رفت پر نظر رکھتے ہیں۔ معلومات کی رازداری نہ صرف وفاقی اور ریاستی قانون کے تحت ضروری ہے، بلکہ یہ آپ کا اعتماد جیتنے کے لئے بھی بہت اہم ہے۔

> *بہت سے لوگوں کو میرے بچے کی معذوری کے بارے میں معلوم نہیں ہے۔ مجھے اپنے علاقے میں مدد کرنے والوں کے بارے میں جان کر بہت اچھا لگا۔ لیکن اس کے ساتھ میں یا بھی جانتی ہوں کہ ہماری اجازت کے بغیر وہ کسی کو کچھ نہیں بتائیں گے۔" - ورجینیا سے تعلق رکھنے والے والدین*

رازدار ریکارڈ کے ساتھ کام کرنے والے ابتدائی مداخلتی فراہم کنندگان کو کئی ضروریات کو مدنظر رکھنے کی ضرورت ہے۔ ان میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:

- **ریکارڈ کا ذخیرہ:** ذاتی شناخت فراہم کرنے والی معلومات صرف ان مقامات پر رکھی جاتی ہیں جہاں صرف مخصوص افراد ہی انہیں دیکھ سکتے ہیں۔ ان مجاز افراد میں ایسے افراد شامل ہیں جن کے پاس آپ کے ابتدائی مداخلتی ریکارڈ پر نظر ڈالنے کی ٹھوس وجہ ہو۔ ان میں آپ کی خدمت کا رابطہ کار، آپ اور آپ کے گھر والوں کے ساتھ کام کرنے والے پیشہ ور افراد، اور آپ کو خدمات فراہم کرنے والی ایجنسیوں کا انتظامیہ شامل ہیں۔

- **فائلیں دیکھنے کا اختیار:** وفاقی قانون کے مطابق چند مخصوص صورت حالوں کے علاوہ کوئی بھی شخص آپ کی اجازت کے بغیر آپ کے بچے کے ریکارڈ میں موجود معلومات کسی اور کو تقسیم نہیں کرسکتا ہے۔

- **معلومات کی فراہمی کا ریکارڈ:** مقامی ابتدائی مداخلتی نظآم آپ کے بچے اور گھر والوں سے تعلق رکھنے والی تمام فائلوں کی فہرست برقرار رکھتے ہیں۔ ہر اس شخص کی بھی فہرست برقرار رکھی جاتی ہے جس نے آپ کے ریکارڈ پر نظر ڈالی ہو۔ یہ "فراہمی کا ریکارڈ" درخواست پر دستیاب ہے۔

- **والدین کی اجازت:** وفاقی قانون کے مطابق چند محدود صورت حالوں کے علاوہ، آپ کی تحریری اجازت کے بغیر فائل میں موجود رازدار معلومات کسی کو بھی دکھائی یا فراہم نہیں کی جاسکتی ہے۔ فائل میں آپ کی تحریری اجازت کی ایک نقل موجود ہوگی جس میں واضح کیا جائے گا کہ کونسی معلومات کس کو فراہم کی جاسکتی ہے۔

- **ریکارڈ پھینکنا:** جب آپ کے ابتدائی مداخلتی نظام کو آپ کے بچے کے ریکارڈ میں موجود معلومات کی مزید ضرورت نہیں رہے گی، وہ آپ کو مطلع کردیں گے۔ اکثر اوقات، ابتدائی مداخلتی نظام اس وقت اس ریکارڈ کو تباہ کردیں گے، لیکن آپ کی درخواست پر ان کے لئے ایسا کرنا ضروری ہوجاتا ہے۔ تاہم، فراہم کنندہ آپ کے بچے کے نام، تاریخ پیدائش، رابطے کی معلومات (پتہ اور فون نمبر)، آپ کے بچے کے خدمت رابطہ کار اور دیگر ابتدائی مداخلتی فراہم کنندگان کے نام، اور ابتدائی مداخلتی پروگرام ختم کرنے اور ختم کرنے کے بعد دوسرے پروگرام میں داخلے کے متعلقق معلومات کے مستقل ریکارڈ برقرار رکھ سکتا ہے۔

Infant & Toddler Connection of Virginia کے دوران وقفے وقفے سے<u>نوٹس برائے بچوں اور خاندانی حقوق اور تحفظ بشمول خاندانوں کے اخراجات کی تقسیم کے متعلق حقائق</u> کی نقل اور وضاحت فراہم کی جائے گی، جس میں حصہ C کے تحت تمام تحفظ، بشمول رازداری سے تعلق رکھنے والے تحفظ، کی تفصیلی وضاحت موجود ہے۔

آپ کے بچے کے ریکارڈ کا جائزہ لینا

آپ کے بچے اور گھر والوں کے ابتدائی مداخلتی ریکارڈ کی نظرثانی سے آپ کو اپنے بچے اور اس کی خدمات کے متعلق معلومات حاصل ہوگی۔ آپ کو جتنی معلومات حاصل ہوگی، آپ اپنے بچے کے متعلق فیصلے لینے والی ٹیم کے اتنے ہی زیادہ بہتر ممبر ثابت ہوسکیں گے۔ ریکارڈ میں موجود معلومات حاصل کرکے آپ اپنے بچے کے لئے بہتر فیصلے کرسکیں گے۔ آپ کے بچے کے ریکارڈ میں موجود معلومات کی درستگی کی جانچ پڑتال مفید ثابت ہوسکتا ہے۔

آپ اپنے خدمت کے رابطہ کار سے ریکارڈ کی نظرثانی کے انتظامات کرسکتے ہیں۔ ابتدائی مداخلت کے فراہم کنندگان کو آپ کو مناسب میعاد کے اندر اندر (یعنی کہ آپ کی درخواست کے ۱۰ روز کے اندر) اور آپ کے بچے کے متعلق کسی بھی میٹنگ سے قبل ریکارڈ فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔ آپ ریکارڈ میں موجود کسی بھی چیز کی وضاحت طلب کرسکتے ہیں۔ آپ اپنی یا اپنے بچے کی نمائندگی کرنے والے کسی بھی شخص کو ریکارڈ دکھانے کے انتظام کرسکتے ہیں۔

آپ ریکارڈ میں موجود معلومات کے نقول کی درخواست کرسکتے ہیں۔ آپ کو ریکارڈ کی ایک مفت نقل فراہم کرنا ضروری ہے۔ اس کے بعد آپ سے نقول بنانے کے اخراجات کا مطالبہ کیا جاسکتا ہے، لیکن آپ نے انہیں تلاش کرنے اور نقل کرنے میں خرچ ہونے والے وقت کے لئے اخراجات کا مطالبہ نہیں کیا جاسکتا ہے۔ نقول کی ادائیگی سے قاصر ہونے کی باوجود بھی آپ اپنے بچے کے ریکارڈ کی نقول حاصل کرسکتے ہیں۔

اگر آپ کو ریکارڈ میں ایسی کوئی چیز نظر آئے جو آپ کے خیال میں درست نہیں ہے، آپ اسے تبدیل کرنے یا حذف کرنے کی درخواست کرسکتے ہیں۔ اپنے خدمت رابطہ کار سے رجوع کریں اور ریکارڈ میں تبدیلی کی درخواست کرنے کے متعلق مقامی طریقہ کار کے متعلق معلوم کریں۔

اگر خدمت فراہم کنندگان آپ کی درخواست کے مطابق تبدیلی نہ کریں تو آپ سماعت کی درخواست کرسکتے ہیں۔ اگر سماعت کا افسر فیصلے کریں کہ ریکارڈ میں تبدیلی کی ضرورت نہیں ہے، تو آپ فائل میں معلومات ک وضاحت شامل کرسکتے ہیں۔ اس فائل کو فائل میں شامل کرنا، اور اس معلومات کی تقسیم کے ساتھ ہر وقت فراہم کرنا ضروری ہے، تاکہ معلومات موصول کرنے والا شخص اس بات سے آگاہ ہوجائے۔

تنازعوں کا حل

ابتدائی مداخلت سے اسی وقت بہترین نتائج حاصل ہوں گے جب گھر والے اور پیشہ ور افراد کے ساتھ کام کریں گے۔ اس کا مطلب معلومات کی فراہمی، خیالات اور جذبات کے متعلق کھل کر بات کرنا، دھیان سے سننا، سوالات پوچھنا اور ہر کسی کے ساتھ احترام اور تمیز کا سلوک کرنا ہے۔

بہترین دوستوں میں بھی بعض اوقات آپس میں نااتفاقی پیدا ہوجاتی ہے۔ ایسا گھر والوں اور خدمت فراہم کنندگان کی صورت میں بھی ہوتا ہے۔ زیادہ تر صورتوں میں گھر والے اور پیشہ ور افراد بات چیت کے ذریعے سب کے لئے قابل قبول حل نکال سکتے ہیں۔

آپ اور ابتدائی مداخلتی خدمات فراہم کرنے والے افراد ایک ہی ٹیم کا حصہ ہیں اور آپ کا ایک ہی مقصد ہیں۔ آپ سب ہی چاہتے ہیں کہ آپ کے بچے کی زندگی بہتر ہوجائے۔ خدمت کے فراہم کنندگان چاہتے ہیں کہ آپ اپنے بچے اور گھر والوں کے لئے ٹیم کے اقدام سے مطمئن ہوجائیں۔ آپ کی ٹیم کے تمام افراد کو آپ کی خیالات سننے اور آپ کے سوالات کے جواب دینے چاہئیے۔ اتفاق کرنا اسی وقت سب سے زیادہ آسان ہے جب ہر کوئی ایک دوسرے کی نظر سے دیکھنا شروع کردے۔

نااتفاقیوں کو زیادہ آسانی سے حل کرنے کا امکان اس وقت زیادہ ہے اگر آپ:

- واضح طور پر بیان کریں کہ آپ کس چیز سے خوش نہیں ہیں اور چند مثالیں بھی فراہم کریں؛
- آپ کو معلوم ہو کہ اس نااتفاقی سے آپ اور آپ کے بچے پر کیا اثر پڑرہا ہے؛
- آپ واضح طور پر اپنی صورت حال میں مطلوبہ تبدیلی سے باخبر ہیں؛ اور
- آپ صورت حال کی بہتری کے لئے دوسروں سے اپنی توقعات کی وضاحت کریں۔

بعض اوقات، نیک نیتوں اور بھرپور کوششوں کے باوجود بھی بات چیت کرنے سے کام نہیں بنتا ہے۔ ابتدائی مداخلتی نظام میں تصادم کے حل کے لئے تین طریقہ کار ہیں۔ یہ شکایات، ثالثی

عمل اور غیرجانبدارانہ سماعتیں ہیں۔ ان تین طریقہ کاروں کی وضاحت نیچے موجود ہے۔ مزید تفصیلات نوٹس برائے بچوں اور خاندانی حقوق اور تحفظ بشمول خاندانوں کے اخراجات کی تقسیم کے متعلق حقائق میں موجود ہیں۔

شکایت درج کرنا

کوئی بھی شخص جو سمجھتا ہے کہ ابتدائی مداخلی خدمات فراہم کرنے والے کسی ایجنسی یا شخص نے ابتدائی مداخلتی ضروریات کی خلاف ورزی کی ہو، شکایت درج کرسکتا ہے۔ شکایات کو تحریری شکل میں جمع کرنے کی ضرورت ہیں اور ان میں آپ کے دستخط کے ساتھ ساتھ آپ سے رابطہ کرنے کی معلومات ؛ شکایات کے بنیادی حقائق، بشمول حصہ C کی ضروریات جن کی مبینہ طور پر خلاف ورزی ہوئی ہو، آپ کے بچے اور خدمات فراہم کنندہ کا نام اور مسئلے کا تجویز کردہ حل درج ہونا ضروری ہے۔ شکایات کو ایک سال کے اندر اندر درج کرنے کی ضرورت ہے۔

ابتدائی مداخلتی خدمات حاصل کرنے والے بچے کے والدین کی حیثیت سے آپ اپنے بچے اور گھر والوں کو موصول ہونے والی خدمات کے کسی بھی پہلو سے اتفاق نہ رکھنے کی صورت میں تحریری شکایت درج کرسکتے ہیں ۔ مثال کے طور پر آپ اس وقت شکایت درج کرسکتے ہیں جب آپ کا مقامی مداخلت کا نظام مندرجہ ذیل نہ کررہا ہو:

- ایسا کوئی کام کرنا جس پر ٹیم نے اتفاق کیا تھا — جیسے کہ کوئی تشخیص کرنا یا کوئی خدمت فراہم کرنا؛
- اہم آخری تاریخوں کا پاس رکھنا — جیسے کہ اہلیت کا تعین یا ٤٥ روز میں IFSP تیار کرنا؛ یا
- آپ کو آپ کے بچے کے ابتدائی مداخلتی ریکارڈ دکھانا۔

اپنی تحریری شکایت میں واضح طور پر بیان کریں کہ آپ کونسے اقدام یا فیصلے سے اتفاق نہیں کرتے ہیں اور اس کی وجہ بیان کریں۔ اپنی شکایت مندرجہ ذیل پتے پر ارسال کریں اور ساتھ ہی اپنے بچے کو خدمت فراہم کرنے والی ایجنسی یا فراہم کنندہ کو بھی اس کی ایک نقل ارسال کریں:

Department of Behavioral Health and Developmental Services
Office of Early Intervention
١٧٩٧P.O.
٢٣٢١٨Richmond, VA

سوالات کے لئے 3710-786(804) پر کال کریں

آپ کی شکایت موصول کرنے کے بعد ابتدائی مداخلت کے لئے ذمہ دار ریاستی ایجنسی تحقیق کرے گی۔ آپ کو اپنی شکایت کے متعلق تحریری یا زبانی شکل میں اضافی معلومات ارسال

کرنے کا موقع فراہم کیا جائے گا۔ آپ کو ٦٠ روز کے اندر تحقیق کے نتائج کے متعلق مطلع کردیا جائے گا۔ ایسا کوئی بھی مسئلہ جس کے متعلق سماعت جاری ہو، اس کی ریاستی شکایت کی حیثیت سے تحقیق نہیں کی جائے گی۔

<u>ثالثی عمل کا استعمال</u>

گھر والوں اور پیشہ ور افراد کے درمیان تنازعوں کو ثالث کی مدد سے حل کیا جاسکتا ہے۔ *ثالثی عمل* ایک عمل ہے جس کے ذریعے ایک خاص طور پر تربیت یافتہ شخص، جس کا مقدمے میں مالی یا کوئی بھی دیگر مفاد نہ ہو، آپ اور ابتدائی مداخلتی نظام کے درمیان معاہدہ طے کرنے میں مدد کرے گا۔

ثالثی عمل میں کسی کی بھی ہار یا جیت نہیں ہوتی ہے۔ کامیاب ثالثی عمل آپ کی اور فراہم کنندگان کے درمیان شراکت کی بنیاد کو مضبوط بناتا ہے۔ ثالثی عمل کے نتیجے میں آپ اور فراہم کنندگان مسئلے کے حل کے لئے کیا کرنا چاہتے ہیں، وہ لکھ کر اس پر دستخط کرتے ہیں۔ ثالثی عمل ایسے وقت اور مقام پر منعقد ہوتا ہے جو آپ کے اور ابتدائی مداخلتی نظام کی نمائندگی کرنے والے افراد دونوں ہی کے لئے صحیح پڑے۔

آپ ثالثی عمل شروع کرنے کے ساتھ ہی غیرجانبدارانہ سماعت کے درخواست فائل کرسکتے ہیں، یا آپ غیرجاندارانہ سماعت کی درخواست کے بغیر ثالثی عمل شروع کرسکتے ہیں۔ ثالثی عمل رضاکارانہ ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ اگر آپ سمجھتے ہیں کہ اس سے فرق نہیں پڑے گا، آپ کو اسے کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

ثالثی عمل Infant & Toddler Connection of Virginia کے ریاستی دفتر کے پاس ثالثی عمل کی خواہش کے نوٹس کی موصولی کے بعد ١٥ روز کے اندر اندر مکمل کرنے کی ضرورت ہے۔ ثالثی عمل کی وجہ سے سماعت کی میعاد (٣٠ روز) میں توسیع ممکن نہیں ہے۔

<u>سماعت کی درخواست کرنا</u>

سماعت مسائل کے حل کا سب سے رسمی طریقہ ہے۔ اگر آپ اپنے بچے کی شناخت، اہلیت کے تعین، تقرير یا آپ یا آپ کے بچے کو مہیا ہونے والی خدمات کو متاثر کرنے والے کسی فیصلے یا اقدام سے متفق نہ ہوں، تو آپ سماعت کی درخواست کرسکتے ہیں۔

ابتدائی مداخلت کا قانون، ضوابط، پالیسیوں اور طریقہ عمل سے واقف غیرجانبدارانہ سماعت کے افسران سماعت کرواتے ہیں۔ سماعت کے رسمی کارروائی ہے جہاں ثبوت پیش کیا جاتا ہے اور شہادت دینے کے لئے گواہوں کو بلوایا جاسکتا ہے۔ آپ اپنے ساتھ کسی وکیل کو یا کسی بھی ایسے شخص کو لا سکتے ہیں جو آپ کے خیال میں آپ کا کیس پیش کرسکتا ہے اور آپ کے بچے کے مفاد کی بہترین نمائندگی کرسکتا ہے۔

سماعت میں چند قواعد ہوتے ہیں، جن میں ٹائم لائن شامل ہیں۔ سماعت کے اہم قواعد درج ذیل ہیں:

- سماعت کے افسران کو مکمل طور پر غیرجانبدارانہ ہونا ضروری ہے — یعنی کہ ان کے ذاتی یا پیشہ ورانہ مفاد کا سماعت کے نتیجے کے جانبداری کے ساتھ کسی قسم کا تصادم نہیں ہونا چاہئیے، اور نہ ہی وہ آپ کے بچے کو ابتدائی مداخلتی خدمات یا دیکھ بھال فراہم کرنے والی کسی ایجنسی یا ادارے کے ملازمین ہوسکتے ہیں۔

- سماعتوں کا انعقاد ایسے وقت اور مقام پر کرنا ضروری ہے جہاں آپ کے لئے حاضر ہونا معقول اور آسان ہو؛

- آپ کو سماعت سے کم از کم پانچ دن قبل پیش کیا جانے والا ثبوت دکھانا چاہئیے؛

- سماعت کو ریکارڈ کرنا ضروری ہے۔ یہ ریکارڈ ٹیپ یا تحریری ٹرانسکرپٹ کی شکل میں ہوسکتی ہے اور آپ ایک مفت نقل کی درخواست کرسکتے ہیں؛

- سماعت کے افسر کو سماعت کی درخواست کے دائر ہونے کے ۳۰ دن کے اندر اندر فیصلہ کرکے ہر فریق کو فیصلے کی تحریر ڈاک کے ذریعے ارسال کردینی چاہئیے؛ اور

- سماعت کے دوران، آپ اور آپ کے گھر والے اپنے موجودہ IFSP میں درج ابتدائی مداخلتی خدمات حاصل کرتے رہیں گے، علاوہ اس صورت میں کہ آپ اور ابتدائی مداخلتی نظام کوئی اور فیصلہ کرلیں۔ اگر سماعت میں ابتدائی خدمات کی درخواست موجود ہو اور آپ کے بچے کو اہل قرار دے دیا گیا ہو تو آپ کے بچے کو آپ کے اور ابتدائی مداخلتی نظام کے درمیان طے شدہ خدمات فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔

سماعت کی تحریری درخواست میں واضح کریں کہ آپ کس فیصلے یا اقدام سے غیرمتفق ہیں اور آپ کیا تبدیل کروانا چاہتے ہیں۔ غیرجانبدارانہ سماعت کی درخواست یہاں ارسال کریں:

Department of Behavioral Health and Developmental Services
Office of Early Intervention
۱۷۹۷P.O.
۲۳۲۱۸Richmond, VA

سوالات کے لئے 786-3710(804) پر کال کریں

سماعت مکمل ہوجانے کے بعد، سماعت کا افسر حقائق اور ثبوت کی بنیاد پر فیصلہ کرتا ہے۔ سماعت کے افسر کے فیصلے سے مطمئن نہ ہونے کی صورت میں آپ کسی بھی ریاستی یا وفاقی عدالت میں دیوانی کارروائی کا کیس دائر کرسکتے ہیں۔

Medicaid اپیل فائل کرنا (صرف Medicaid سے فائدہ اٹھانے والوں کے لئے)

جب بھی ورجینیا کا شیرخوار اور چھوٹے بچوں کا کنکشن کوئی بھی ایسا اقدام کرنے کا ارادہ رکھتی ہو جس سے آپ کے بچے کی خدمات بری طرح متاثر ہونے کا امکان ہو، آپ کو اقدام کا نوٹس موصول ہوگا جس میں Department of Medical Assistance Services، ورجینیا کی ریاستی Medicaid ایجنسی میں اپیل دائر کرنے کے طریقہ کار کی وضاحت ہوگی۔ اقدام کی نوٹس اور نوٹس برائے بچوں اور خاندانی حقوق اور تحفظ بشمول خاندانوں کے اخراجات کی تقسیم کے متعلق حقائق میں وضاحت کی گئی ہے کہ ان اقدام کی اپیل کی جاسکتا ہے، اپیل کس طرح فائل کی جاسکتی ہے اور مزید معلومات کہاں سے حاصل کی جاسکتی ہے۔

آپ کے ابتدائی مداخلتی خدمت فراہم کنندگان کے ساتھ نااتفاقی کی صورت میں آگے کے اقدام کا فیصلہ پیچیدہ ہوسکتا ہے۔ سوالات کے لئے اپنے خدمت کے رابطہ کار سے رابطہ کریں۔ آپ کو آپ کے اختیار سمجھانا آپ کے حدمت کے رابطہ کار کی ذمہ داری ہے۔ آپ اپنے اختیارات کے متعلق بات کرنے کے لئے The Arc of Virginia کو 1-888-604-2677، Virginia Office for Protection and Advocacy کو 552-3962 (800) پر یا Parent Educational Advocacy Training Center کو 923-0010 (703) پر یا ٹول فری 869-6782 (800) کال کرکے اپنے اختیارات کے متعلق بات کرسکتے ہیں۔

میں کیا یاد رکھنا چاہتا ہوں:

فرہنگ

تخمینہ — وہ طریقہ کار جن کے ذریعے حصہ C کے تحت بچے کی اہلیت کے دوران مناسب اہل اقراد مندرجہ ذیل کی شناخت کرتے ہیں: (a) بچے کی منفرد طاقتیں اور ضروریات اور ان ضروریات کو پورا کرنے کے لئے ضروری خدمات، اور (b) گھر والوں کے وسائل، ترجیحات اور افکار، اور بچے کی نشونما کی ضروریات کو پورا کرنے کی سکت میں اضافہ کرنے کےا لئے ضروری معاونتیں اور خدمات۔

نشونما میں تاخیر — اس ہدایت نامے کے صفحہ ٦ سے رجوع کریں

اہلیت — اس ہدایت نامے کا صفحہ نمبر ٦ دیکھیں

اہلیت کا تعین — وہ عمل جس کے ذریعے متعدد شعبوں پر مشتمل افراد کی ٹیم بچے کی ورجینیا میں شیرخوار اور چھوٹے بچوں کے کنکشن کی اہلیت کے معیار پر پورا اترنے کے متعلق فیصلہ کرتی ہے

گھر والوں کی — تعریف ہر خاندان کی تعریف پر منحصر ہے۔

IFSP یا — اہل بچوں اور گھر والوں کو ابتدائی مداخلتی خدمات فراہم کرنے کا تحریری منصوبہ

ثالثی عمل — حصہ C کے تحت نااتفاقی کے حل کی کوشش جس کے لئے والدین اور فراہم کنندگان وضاکارانہ طور پر اتفاق کرتے ہیں۔

متعدد شعبوں سے تعلق رکھنا — مختلف شعبہ جات سے تعلق رکھنے والے دو یا دو سے زیادہ اہل پیشہ ور افراد کی شمولیت (یا اہلیت کے تعین اور خدمت کی منصوبہ بندی کی تشخیص کی صورت میں، دو یا دو سے زیادہ شعبہ جات سے تعلق رکھنے والا شخص)

قدرتی ماحول — ایسے ماحول جو آپ کے بچے کی عمر کے دوسرے بچوں کے لئے مناسب اور حسب معمول ہوں:

ذاتی شناخت فراہم کرنے والی معلومات — ایسی معلومات جس کے ذریعے آپ کی بچے کی شناخت ممکن ہے، جیسے کہ آپ کے بچے یا دوسرے گھر والوں کے نام، سوشل سیکورٹی کے نمبر یا ذاتی خصوصیات کی فہرست

متبادل والدین — ایسا کوئی بھی شخص، جو بچے کے لئے اس صورت میں ذمہ دار ہو جب بچہ ریاست کی ذمہ داری ہو، یا اگر والدین کے متعلق معلومات حاصل نہ کی جاسکے۔

تبدیلی — ابتدائی مداخلتی خدمات میں بچوں اور ان کے گھر والوں کا داخلہ اور انخلا۔ اس ہدایت نامے کا صفحہ ١٣ دیکھیں

ابتدائی مداخلتی خدمات تک رسائی کا واحد پوائنٹ

پورے ورجینیا میں، 40 مقامی ابتدائی مداخلتی نظامات ہیں۔ ان سے رابطے کی معلومات اور ان کے زیر خدمت علاقوں کی فہرست ذیل میں ہے۔ فون نمبر میں تبدیلی ہوسکتی ہے۔ اگر آپ ذیل میں درج نمبروں کے ذریعہ مقامی ابتدائی مداخلتی نظاموں سے رابطہ نہیں کرپارہے ہیں تو، تازہ فون نمبر حاصل کرنے کےلیے 3710-786 (804) پر رابطہ کریں۔

انفینٹ اینڈ ٹوڈلر کنیکشن آف:	خدمت والے کاؤنٹیز / شہر	فون نمبر
الیگزنڈریا	سٹی آف الیگزنڈریا	(703) 746-3387 (703) 746-3350
الگینی ہائی لینڈز	الگینی کاؤنٹی؛ کلفٹن فورج اور کووینگٹن کے شہر	(540) 863-1620
ارلنگٹن	ارلنگٹن کاؤنٹی	(703) 228-1630
اگستا ہائی لینڈ	اگستا اور ہائی لینڈ کاؤنٹیز	(540) 245-5133
دی بلیو ریج	البیمرلے، فلووانا، گرینی، لوسیا، اور نیلسن کے کاؤنٹیز؛ چارلوٹس ویلی شہر	(434) 970-1391
سنٹرل روجنیا	آمہرسٹ، اپومیٹوکس، بیدفورڈ اور کیمپ بیل کاؤنٹیز؛ بیڈفورڈ اور لینچ برگ کے شہر	(434) 444-5954
چیساپیک	چیساپیک شہر	(757) 547-8929
چیسٹر فیلڈ	چیسٹر فیلڈ کاؤنٹی	(804) 768-7205
کریٹر ڈسٹرکٹ	ڈینویڈی، گرینس ویلی، پرنس جارج، سیورے، اور سسیکس؛ کولونیل ہائٹس کے شہر، امپوریا، ہوپ ویل، اور پیٹرس	(804) 863-1689 ایکسٹنشن 3160
کمبرلینڈ ماؤنٹین	بوچانن، رسیل، اور تازیویل کاؤنٹیز	(276) 964-6702
ڈین ویلے - پیٹسیلوانیا	پیٹسیلوانیا کاؤنٹی؛ ڈین ویلے شہر	(434) 799-0456 ایکسٹنشن141
ڈیلینیویسکو	ڈیکینسن، لی، اسکاٹ اور وائز کاؤنٹیز؛ نارٹن شہر	(276) 431-3521
مشرقی ساحل	اکومیک اور نارتھمپٹن کاؤنٹیز	(800) 568-9269
فیئر فیکس - فالز چرچ	فیئر فیکس کاؤنٹی؛ فیئرفیکس و فالز چرچ کے شہر	(703) 246-7121
گوچ لینڈ - پاؤہیٹن	گوچ لینڈ اور پاؤہیٹن کے کاؤنٹیز	(804) 657-2010
ہیمپٹن - نیوپورٹ نیوز	ہیمپٹن اور نیوپورٹ نیوز کے شہر	(757) 726-4012
ہینوور	ہینوور کاؤنٹی	(804) 723-2070
ہیریسنبرگ - راکنگھم	راکنگھم کاؤنٹی؛ ہیریسنبرگ شہر	(540) 433-7144 ایکسٹنشن 1
ہینریکو - چارلس سٹی - نیو کینٹ	ہینریکو، چارلس سٹی، اور نیو کینٹ کاؤنٹیز	(804) 727-8372
دی ہرٹلینڈ	امیلیا، بکنگھم، چارلوٹ، کمبرلینڈ، لیونبیرگ، نوٹووے، اور پرنس ایڈورڈ	(434) 395-2967
دی ہائی لینڈز	واشنگٹن کاؤنٹی؛ سٹی آف بریسٹول، ابینگڈن	(276) 619-2406
لاؤڈاؤن کاؤنٹی	لاؤڈاؤن کاؤنٹی	(703) 777-0561 (571) 258-3095
وسطی جزیرہ نما - شمالی سرا	ایسیکس، گلوسیسٹر، کنگ اینڈ کوئین، کنگ ویلیم، لنکاسٹر، میتھیوز، مڈلسیکس، نارتھمبرلینڈ، رچمنڈ، اور ویسٹ مورلینڈ کاؤنٹیز	(804) 758-5250 (800) 305-2229
ماؤنٹ راجرس	بلانڈ، کیرول، گریسن، اسمیتھ، اور ویتھ کاؤنٹیز؛ گلیکس اورمیریؤن شہر	(276) 223-3270
دی نیو ریور ویلی	فلوڈ، گیلس، مونٹگومیری اور پولاسکی کاؤنٹیز؛ ریڈفورڈ شہر	(540) 831-7529
نارفوک	نارفوک شہر	(757) 441-1186
دی پیڈمونٹ	ہینری، فرینکلن، اور پیٹرک کاؤنٹیز؛ مارٹینس ویلی شہر	(276) 632-7128 ایکسٹنشن 1241
پورٹس ماؤتھ	پورٹس ماؤتھ شہر	(757) 393-8321
پرنس ویلیم	پرنس ویلیم کاؤنٹی؛ ماناساس، ماناساس پارک اور کوانٹیکو شہر	(703) 792-7879
ریپاہینوک علاقہ	کیرولائن، اسپوٹسیلوانیا، اور اسٹیفورڈ؛ فریڈرکسبرگ شہر	(540) 372-3561
ریپاہینوک ریپڈان	کلپیپر، فوکوئیر، میڈیسن، آرینج، اور ریپاہینوک	(540) 829-7480
رچمنڈ	رچمنڈ شہر	(804) 855-2742
روئینوک ویلی	بوٹیٹورٹ، روئینوک اور کرائیگ کاؤنٹیز؛ روئینوک اور سلیم شہر	(540) 283-5050
راک بریج کا علاقہ	باتھ اور راک بریج کاؤنٹیز؛ بوئینا ویستا اور لیکسنگٹن سٹی	(540) 462-6638
شیناندواہ ویلی	کلارک، فریڈرک، پیج، شیناندواہ، اور وارین کاؤنٹیز؛ وینچیسٹر شہر	(540) 635-2452 ایکسٹنشن 17
جنوب کی طرف	برنس ویک، میک کلین برگ، اور ہیلی فیکس کاؤنٹیز؛ جنوبی بوسٹن اور ساؤتھ ہل کے شہر	(434) 570-1505
سٹاؤنٹن-وینیسبورو	سٹاؤنٹن اور وینیسبورو شہر	(540) 245-5133
ورجینیا بیچ	ورجینیا بیچ شہر	(757) 385-4400
ویسٹرن ٹائیڈ واٹر	آئل آف ویٹ اور ساؤتھمپٹن کاؤنٹیز؛ فرینکلن اور سفوک شہر	(757) 562-6806
ویلیمسبرگ * جیمس سٹی * یارک * پوکوسن	جیمس سٹی کاؤنٹی، پوکوسن، ویلیمسبرگ، یارک کاؤنٹی	(757) 566-8687